احسن العقائد

اصولِ دین
توحید
عدل
نبوّت
امامت
معاد

اردو ترجمہ

شرح باب حادی عشر

تصنیف

سرکار علامہ حلّی علیہ الرحمۃ

شارح

علامہ فاضل مقداد علیہ الرحمۃ

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام باڑہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰

فون ۲۴۳۱۵۷۷

سید ذوالفقار علی شاہ مشہدی

احسن العقائد

اردو ترجمہ

شرح باب حادی عشر

تصنیف

سرکار علامہ حلی علیہ الرحمۃ

شارح

علامہ فاضل مقداد علیہ الرحمۃ

ترجمہ و تشریح

علامہ السید محمد قاسم صاحب قبلہ زیدی مدظلہ العالی

ناشر

رحمت اللہ بک ایجنسی

بالمقابل بڑا امام باڑہ، کھارادر، کراچی ۷۴۰۰۰

ہے۔ اور کاذب کے اتباع پر بندوں کو آمادہ کرنا عقلاً قبیح ہے جو حکیم کا فعل نہیں ہو سکتا۔

تشریح مترجم:

جناب محمد ابن عبداللہ ابن عبدالمطلب بن ہاشم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی برحق اور خاتم النبیین ہیں۔ آپ پر نبوت کا خاتمہ ہو گیا۔ تا بقائے تکلیف کوئی نبی مبعوث نہ ہو گا۔ قرآن مجید میں آپ کے خاتم النبیین ہونے پر نص صریح موجود ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امت کے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں۔

خاتم کو بکسر تا بھی پڑھا گیا ہے اور بفتح تا بھی۔ خاتِم بکسر تا خَتَمَ یَخْتِمُ کا اسم فاعل ہے بمعنی ختم کرنے والا اور خاتَم بفتح تا خَتَمَ یَخْتِمُ کا اسم آلہ ہے بمعنی ما یُخْتَمُ بِہِ الشیٔ یعنی جس کے ذریعہ کوئی شے ختم کی جائے۔ دونوں قراتوں کے اعتبار سے آپ کے بعد کسی نبی کے مبعوث ہونے کا امکان نہیں ہے۔ ورنہ قرآن مجید کی تکذیب لازم آئے گی۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و شریعت تا بقائے تکلیف باقی رہے گی۔ اسی وجہ سے آپ کو وہ معجزہ عنایت ہوا جو بقائے تکلیف تک بشکل معجزہ باقی رہے گا۔

قرآن مجید اور دیگر معجزات میں فرق

قرآن مجید تمام معجزات میں خواہ انبیائے ماسلف کے معجزات ہوں یا جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معجزات ہوں اکمل و اشرف ہے۔ اس لیے کہ قرآن مجید کے علاوہ جس قدر معجزات ہیں۔ ان کی حیثیت وقتی ہے۔ یعنی اگر دعوائے نبوت کو ان کے ساتھ شامل